نسلی مساوات کے فروغ کے لیے

موجودہ اور مجوزہ اقدامات

ہانگ کانگ کونسل برائے پیداوار

(ہانگ کانگ پروڈکٹیویٹی کونسل)

ہانگ کانگ کونسل برائے پیداوار(ہانگ کانگ پروڈکٹیویٹی کونسل) (HKPC) ایک کثیر الضوابط تنظیم ہے جو سن 1967 میں آئین کے تحت قائم کی گئی تھی ، تاکہ ہانگ کانگ کے کاروباری اداروں کی مدد کے لیے عالمی معیار کی جدید ٹیکنالوجیز اور جدید خدمات کی پیشکشوں کی مسلسل مہم کے ذریعے پیداواری صلاحیت کو فروغ دیا جا سکے۔ HKPC ہانگ کانگ کی نئی بارآور طاقتوں کو سہولت فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ ہانگ کانگ کو ایک بین الاقوامی جدت اور ٹیکنالوجی کا مرکز اور ایک سمارٹ سٹی بنانے کے لیے کوشاں ہے۔ کونسل ہانگ کانگ کی صنعتوں اور کاروباری اداروں کے لیے جامع جدید حل پیش کرتی ہے، جو انہیں وسائل اور پیداواری استعمال ، تاثیر اور لاگت میں کمی ، اور مقامی اور غیر ملکی مارکیٹ دونوں میں مسابقت کو بڑھانے کے قابل بناتی ہے۔

متعلقہ خدمات

- HKPC تکنیکی اور انتظامی مشاورتی خدمات کے ساتھ ساتھ صنعت کو مصنوعات کی جدت، ٹیکنالوجی کی منتقلی، اور کمرشلائزیشن کے حصول کے لیے تربیت فراہم کرتا ہے، اور سرکاری فنڈنگ اسکیموں کے لیے سیکریٹریٹ سروس پیش کرتا ہے۔

موجودہ اقدامات

- خدمت کی فراہمی
  - HKPC کی مشاورت ، تربیت اور سیکرٹریٹ کی خدمات ، وغیرہ جہاں ضروری ہو انگریزی اور/ یا چائینیززبان میں فراہم کی جاتی ہیں۔
- معلومات کی ترسیل:
  - HKPC کی منظم معلومات اور خدمات کو عام لوگوں کو آسانی سے سمجھنے کے لیے اس کی ویب سائٹ پر دو زبانوں (انگریزی اور/ یا چائینیز) میں شائع کیاگیا ہے۔
  - جہاں قابل اطلاق ہو وہاں عوامی استفسارات انگریزی اور/یا چائینیز میں سنبھالے جاتے ہیں۔
- عملے کی تربیت:
  - مساوی مواقع کمیشن کے ساتھ وقتًا فوقتًا منظم تربیت کے ذریعے نسلی حساسیت، ثقافتی فرق اورنسلی امتیازی قانون (ریس ڈیسکریمینیشن آرڈیننس) (RDO) کے بارے میں عملے کے شعور کو بڑھانا۔

مستقبل کے کام کا جائزہ

- HKPC موجودہ اقدامات پر عمل درآمد جاری رکھے گی ، اور نسل کے حوالے

سے غیرجانبداری کو یقینی بنانے کے لیے ، اور جہاں ضروری ہو وہاں بہتری لانے کے لیے باقاعدگی سے اپنی خدمت کی فراہمی کا جائزہ لے گی ۔

لیے گئے/ لیے جانے والے اضافی اقدامات	• نسلی پس منظر سے قطع نظر ، HKPC عوام کے ممبروں کو یکساں طور پر خدمات یا معلومات کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے ، خدمات اور اقدامات کو فراہم کرتے وقت مختلف نسلی گروہوں کی ضروریات کا مشاہدہ کرتی رہے گی ۔

نسلی مساوات کے فروغ سے متعلق موجودہ اور مجوزہ اقدامات کے بارے میں سوالات کے لیے ، براہ کرم درج ذیل چینلز کے ذریعے HKPC سے رابطہ کریں۔

ٹیلیفون نمبر	:	(852) 2788 5678
فیکس نمبر	:	(852) 2788 5900
ای میل	:	hkpcenq@hkpc.org
ڈاک کا پتہ	:	HKPC Building, 78 Tat Chee Avenue, Kowloon

ہانگ کانگ کونسل برائے پیداوار
(ہانگ کانگ پروڈکٹیویٹی کونسل)
مئی 2024